موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

12 سے 14 جنوری 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے اور دھند پڑنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15 سے 19 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 3 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

جڑی بوٹیوں کی تلفی پر خصوصی توجہ دیں اور محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے مناسب جڑی بوٹی مار زہروں کا استعمال کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کے سپرے کے لئے اچھی کوالٹی کی مخصوص نوزل کا استعمال کریں اور سپرے صاف موسم میں کریں۔ سپرے کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات کے طور پر دستانے، ماسک اور حفاظتی لباس کا استعمال کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کی تجویز کردہ مقدار سے زیادہ استعمال نہ کریں اور ایک جگہ پر دہرا اسپرے نہ کریں۔ ریتلے اور شور زدہ رقبہ میں اگر دوسرا پانی نہیں لگایا گیا تو دوسرا پانی لگائیں اور نائٹروجنی کھاد کی ایک قسط دیں۔

کماد

کماد کی بہاریہ کاشت کے لئے زمین تیار کریں۔ کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مد نظر رکھ کر کریں۔ پہلے ستمبر کاشتہ فصل پھر مونڈھی فصل اور اگیتی، درمیانی اور پچھیتی اقسام کی کٹائی کریں۔ مونڈھی فصل رکھنے کے لئے فصل کی برداشت کریں اور گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔ فصل کی برداشت کے بعد کماد کو مل میں جلد از جلد بھیجیں۔

آم

پودے کے تنے اور ٹہنوں پر مناسب کیڑے مار ادویات کا سپرے کریں۔ پودے کے اندر روشنی کی ترسیل کو ممکن بنانے کے لئے ضروری کانٹ چھانٹ کا عمل جاری رکھیں۔ باغ میں چھوٹے پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔